لائبریریوں کا شہر

لاہور

گائیڈ بُک

مرتّبہ

شہناز مُزمّل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لائبریریوں کا شہر

لاہور

گائیڈ بک

مرتبہ

شہناز مزمل

مکتبہ الحروف لاہور

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب لائبریریوں کا شہر لاہور
مرتبہ شہناز مزمل
تعداد 500
طبع اول اکتوبر 1990ء
قیمت 200 روپے
ناشر مکتبہ الحروف G - 63 ماڈل ٹاؤن لاہور
فون نمبر: 854433
اہتمامِ طباعت سرفراز احمد - خرم آرٹس
کمرہ نمبر 30 ' العزیز مارکیٹ
اردو بازار ' لاہور

معاونِ : گُل جہاں نظامی

شعبۂ

لائبریری سائنس کے

ڈائمنڈ جوبلی کے

موقع پر

فہرست مخفعات

ایم - ایل - ایس - ۴	ایم - اے لائبریری سائنس -
ڈی - ایل - ایس -	ڈپلومہ لائبریری سائنس -
سی - ایل ایس -	سرٹیفکیٹ لائبریری سائنس -
اے - اے - سی - آر	اینگلو امریکن کیٹلاگنگ رولز
ڈی - ڈی - سی -	ڈیوی ڈیسیمل کلاسیفکیشن اسکیم

پیش لفظ

لائبریریوں کا شہر لاہور۔ گائیڈ بک کی تیاری کی اجازت ائیر کموڈور (ریٹائرڈ) انعام الحق صاحب ڈائریکٹر جنرل پبلک لائبریریز پنجاب سے حاصل کر کے اس پر کام شروع کر رکھا تھا۔ گذشتہ سال مسودہ تیار کر کے ڈائریکٹر جنرل صاحب کی خدمت میں پیش کیا تو انہوں نے فرمایا کہ شماریاتی طریقے کی بجائے بیانیہ انداز میں اس کو ترتیب دو۔ اس کو نئے سرے سے لکھنا کافی دقت طلب کام تھا۔ بہر حال مواد ترتیب دیا اور لکھنے کا کام گل جہاں نظامی انسٹرکٹر۔ اسلامیات گورنمنٹ کمرشل انسٹی ٹیوٹ عیسیٰ خیل کے سپرد کیا۔ کام جاری تھا۔ اکتوبر میں خیال آیا کہ کانفرنس کے موقعہ پر اس کو بھی پیش کر دیا جائے پلسا کی بے پناہ مصروفیات دفتری امور اور دیگر امور کیساتھ اس کی تیاری محدود وقت میں کرنا تھی۔ بہر حال حسب عادت جب ٹھان لیا تو کر گذرے ہنگامی طور پر مسودہ گل جہاں نظامی صاحب سے مکمل کروایا گیا۔ اور پھر اس کو ترتیب دیا آخری مراحل میں جب کام کی بے حد زیادتی تھی نسیم احمد اسسٹنٹ لائبریرین ماڈل ٹاؤن اور حمیرہ رشید نے بے حد مدد کی جس کے لیئے میں ان کی بے حد مشکور ہوں۔ کوشش کی ہے کہ تازہ ترین معلومات فراہم کی جائیں ٹیلی فون کے ذریعے تمام اداروں سے دوبارہ رابطہ بھی کیا گیا۔ ذاتی طور پر بھی لوگوں سے معلومات حاصل کی گئیں نے اداروں میں جا کر معلومات حاصل کیں۔ اب گائیڈ بک آپ کے ہاتھ میں ہے اگر کوئی خامی رہ گئی اور کسی ادارے کا نام جہاں لائبریری ہو وہ اس میں شامل نہ ہو تو ہمیں اطلاع دیں اگلے ایڈیشن میں ان کے بارے میں انشاءاللہ معلومات شامل کر دی جائیں کتب خانوں کو ان کی نوعیت کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے اور پھر ان کی درجہ بندی حروف تہجی کے تحت کی ہے پھر ان میں شامل کتب خانوں کی ترتیب الفبائی کی ہے۔

آخر میں لائبریریز کا اشاریہ تیار کر دیا گیا ہے اور جو کتب خانے اس گائیڈ بک میں شامل ہونے سے رہ گئے ہیں ان کے لیئے فارم منسلک کر دیا گیا ہے۔ سب سے پہلے کتب خانوں کو منظم کرنے والے اداروں کے بارے میں ضروری معلومات شامل کر دی گئی ہے مفصل ترتیب یہ ہے:

1 انتظامی ادارے
2 اسکول کے کتب خانے گورنمنٹ اور پرائیویٹ دونوں شامل ہیں
3 جامعاتی شعبہ جاتی کتب خانے مرکزی لائبریری پنجاب یونیورسٹی شعبہ جاتی لائبریریاں پنجاب یونیورسٹی۔ یونیورسٹی آف انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی اور پرائیویٹ
4 حوالہ جاتی کتب خانے حوالہ جاتی مواد فراہم کرنے والے ادارے
5 عوامی ہر عمر کے لوگوں کو بلا تحقیق خدمات فراہم کرنے والے ادارے
6 کلیاتی برائے طالبات
7 کلیاتی برائے طلباء
8 کلیاتی فنی مخصوص فنی تعلیم دینے والے ادارے
9 کلیاتی کامرس کامرس کی تعلیم دینے والے ادارے
10 مخصوص نوعیت کے مخصوص قسم کی تعلیم دینے والے ادارے
11 مذہبی کتب خانے مذہبی کتب پر مشتمل
12 میڈیکل کالجز۔ ہسپتالوں۔ نرسنگ اسکولوں کے کتب خانے

شہناز مزمل

انتظامی ادارے

برائے عوامی کتب خانے

سکیشن آفیسر (پی آئی) محمد اسلم 219457

ڈائریکٹوریٹ آف پبلک لائبریریز پنجاب لاہور

ڈائریکٹر جنرل ایر کموڈور ریٹائرڈ انعام الحق 306011

ڈائریکٹر پروفیسر عبد الجبار شاکر 302798

ڈپٹی ڈائریکٹر محمد تاج 302793

اسٹینٹ ڈائریکٹر محمد منیر 302793

برائے کلیاتی کتب خانے

ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن کالجز لاہور۔

52741 _ 65148

ڈپٹی ڈائریکٹر لائبریریز ڈی پی آئی لاہور۔

ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (سکولز) لاہور۔

54946 _____ 66278

ڈائریکٹر کالجز لاہور۔

323710

ڈائریکٹر ٹیکنیکل ایجوکیشن لاہور۔

211757

○

اسکول کے کتب خانے

اسکول کے کتب خانے

نمبر شمار | صفحہ نمبر

اعظم گیریژن ہائی سکول لائبریری

AZAM GARRISON HIGH SCHOOL.

لاہور چھاؤنی میں واقع یہ ایک تعلیماتی لائبریری ہے اس کا قیام 1985 میں عمل میں لایا گیا۔ اسکی لائبریرین مس شاکرہ خان ہیں جو کہ ایف۔اے پاس ہیں۔ کتب کی تعداد 4273 ہے خاص مجموعہ نہیں ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود نہیں ہے۔ فون نمبر 373156 موجود ہے صبح 8 بجے سے 2 بجے تک قارئین طلباء اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

ایس۔او۔ایس لائبریری

S.O.S. LIBRARY.

فیروز پور روڈ پر واقع اس تعلیمانی کتب خانے کا سنگِ بنیاد جناب فضل الٰہی چوہدری نے جنوری 1978ء میں رکھا۔ محترمہ عاصمہ اسکی منتظمہ ہیں۔ لائبریری سائینس کے اصولوں کیمطابق اسے مرتب کیا گیا ہے۔ اسکے اوقات کار 3.30 بجے سے 4.30 بجے تک ہیں رابطہ کے لیئے فون نمبر 857857\853379 موجود ہے۔

ایف-جی عابد مجید ہائی سکول لائبریری

F.G. ABID MAJEED HIGH SCHOOL.

یہ ایک تعلیمائی لائبریری ہے۔ جو کہ لاہور چھاؤنی کے علاقے میں واقع ہے۔ بجناب بشیر احمد اسسٹینٹ لائبریرین جو کہ ایف-اے سی-ایل-ایس ہیں۔ اسکے انتظام سنبھالے ہوئے ہیں۔ کتب کی کل تعداد 4852 ہے۔ اخبارات ورسائل بھی لائبریری میں آتے ہیں۔ کوئی خاص مجموعہ نہیں ہے۔ لائبریری سائینس کے اصولوں کے مطابق ابھی اسے مرتب نہیں کیا گیا DDC سکیم استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ نہیں ہے۔ فون نمبر 370382 برائے رابطہ موجود ہے۔ صبح 7.30 بجے سے 1 بجے تک یہ لائبریری کھلی رہتی ہے۔

لائبریری ایف جی گرلز ہائی سکول

LIBRARY F.G. GIRLS HIGH SCHOOL.

آر۔اے بازار کے قریب واقع ہے۔ اس کا سنگ بنیاد 1965ء میں رکھا گیا۔ محترمہ ممتاز زیدی جو کہ ایف۔ اے ہیں نے بطور لائبریرین اس کا نظم ونسق سنبھال رکھا ہے۔ کتب کی تعداد 4000 سے زائد ہے۔ تمام اہم اخبارات پابندی سے آتے ہیں۔ رابطہ فون نمبر 370002 موجود ہے سکول اوقات کے دوران لائبریری کھلی رہتی ہے۔

بلوم فیلڈ ہائی سکول لائبریری

BLOOM FIELD HIGH SCHOOL.

گلبرگ 111 B -2 میں واقع یہ ایک تعلیماتی لائبریری ہے۔ اسکا قیام 1986ء میں عمل میں لایا گیا۔ محترمہ آر کوثر اسکی لائبریرین ہیں۔ مجموعہ کتب 1000 سے زائد ہے خاص مجموعہ ورلڈ انسائیکلوپیڈیا ہے۔

بیکن ہاؤس لائبریری

BECON HOUSE LIBRARY.

گارڈن ٹاؤن میں واقع ہے۔ اسکا سنگِ بنیاد جناب ہمدانی صاحب نے 1984ء میں رکھا۔ مسز یاسمین جو کہ ایف۔ اے ہیں نے بطور لائبریرین اسکا انتظام سنبھال رکھا ہے۔ کتب کی کل تعداد 1000 سے زائد ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے رابطہ کے لئے فون نمبر 850203 ہے۔ الگ مطالعہ گاہ کی سہولت ہے۔ سکیم DDC استعمال کی گئی ہے۔ صبح 8.15 بجے سے 1.45 بجے تک یہ لائبریری کھلی رہتی ہے۔

ڈویژنل پبلک سکول لائبریری

DIVISIONAL PUBLIC SCHOOL

ماڈل ٹاؤن کی خوبصورت آبادی کے عین وسط میں واقع پارک سے ملحقہ مشرقی جانب عظیم درسگاہ کی یہ لائبریری جدید تقاضوں کے مطابق مرتب کی گئی ہے۔ جناب حسن دین جو کہ بی۔اے بی۔ایڈ اور سی۔ایل۔ایس ہیں نے بطور لائبریری اسکا انتظام سنبھال رکھا ہے۔ یہ ایک تعلیماتی لائبریری ہے 2500 کتب پر مشتمل ایک قابل قدر ذخیرہ علم وآگاہی ہے۔ حوالہ جاتی کتب بھی ادارہ میں محدود تعداد میں موجود ہیں۔ الگ مطالعہ گاہ نہیں ہے صبح 8 بجے تا 1 بجے دوپہر طلباء کیلئے یہ کھلی رہتی ہے۔

سیکرڈ ہارٹ سکول لائبریری

LIBRARY SACRED HEART SCHOOL.

لارنس روڈ پر واقع ہے۔ اس کا قیام 1972ء میں عمل میں لایا گیا۔ جناب فرانس امام دین جو کہ میٹرک پاس اور وی ٹی ٹیچر ہیں اسکے منتظم ہیں۔ مجموعہ کتب 546 ہے۔ لائبریری سائینس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب نہیں کیا گیا ہے۔ الگ مطالعہ گاہ نہیں ہے۔ سکول اوقات کے دوران قارئین فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

سینٹ میری ہائی سکول لائبریری

LIBRARY SAINT MARRY HIGH SCHOOL.

لاہور چھاؤنی باغ علی روڈ پر واقع یہ ایک تعلیماتی لائبریری ہے جسکا قیام 1949ء میں جناب پرنسپل صاحب کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ جناب سرفراز اقبال جو کہ بی۔ایس۔ سی ہیں بطور لائبریرین اسکا نظام سنبھالے ہوئے ہیں۔ کتب کی تعداد 1000 سے زائد ہے کوئی خاص مجموعہ کتب نہیں ہے۔ لائبریری سائینس کے اصولوں کے مطابق لائبریری کو مرتب نہیں کیا گیا ہے۔ دفتری اوقات کے دوران لائبریری کھلی رہتی ہے۔

لائبریری کریسنٹ ماڈل ہائر سیکنڈری سکول

LIBRARY CRESCENT MODEL HIGHER SECONDARY SCHOOL.

کریسنٹ ایجوکیشنل ٹرسٹ شادمان کالونی کے زیر انتظام یہ ایک تعلیماتی لائبریری ہے۔ اس کا قیام 1971ء میں عمل میں لایا گیا جناب حافظ عبد القدوس شاکر جو کہ ایف۔ اے۔ سی۔ ایل۔ ایس ہیں نے بطور لائبریرین اسکا نظم ونسق سنبھال رکھا ہے۔ کتب کی کل تعداد 6358 ہے۔ سمعی وبصری مواد مثلاً ٹی وی۔ ٹیپ ریکارڈ پروجیکٹر ایجوکیشنل کیسٹس موجود ہیں۔ لائبریری سائینس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیا ہے۔ سکول اوقات کے مطابق لائبریری کھلی رہتی ہے۔ فون نمبر 275670 ہے۔

کیتھڈرل سکول لائبریری

LIBRARY CATHEDRAL SCHOOL.

خوبصورت اور معیاری کتب پر مشتمل ہے۔ اس لائبریری کا قیام 14 فروری 1883ء میں عمل میں لایا گیا۔ اسکی منتظم مسز پی نول پرنسپل ادارہ ہذا ہیں۔ آپ ایم۔ اے ہسٹری ایم۔ اے انگلش بی۔ ایڈ ہیں۔ کتب کی کل تعداد 16000 ہے کوئی خاص مجموعہ نہیں ہے۔ لاتعداد اخبارات ورسائل لائبریری میں آتے ہیں کسی خاص سکیم کے تحت اسے مرتب نہیں کیا گیا ہے۔ دفتری اوقات کے دوران لائبریری کھلی رہتی ہے۔

لائبریری گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول

GOVT. ISLAMIA HIGH SCHOOL.

صدر بازار لاہور چھاؤنی میں واقع ہے۔ انجمن اسلامیہ رجسٹرڈ لاہور کینٹ کے صدر نے 1938ء میں اسکا سنگِ بنیاد رکھا۔ جناب محمد صدیق شاہد جو کہ ایم۔اے بی۔ایڈ ہیں اسکا نظم ونسق چلا رہے ہیں۔ کتب کی تعداد 2000 سے زائد ہے۔ الگ مطالعہ گاہ نہیں ہے اور نہ ہی کسی خاص سکیم کے تحت اسے مرتب کیا گیا ہے۔ فون نمبر 375922 برائے رابطہ موجود ہے۔ صبح 7.30 بجے سے 1 بجے تک طلباء کیلئے کھلی رہتی ہے۔

لائبریری گورنمنٹ سنٹرل ماڈل ہائی سکول

LIBRARY GOVT. CENTRAL HIHG SCHOOL.

لوئر مال پر واقع ہے یہ ایک تعلیماتی لائبریری ہے۔ جس کا قیام 1890ء میں عمل میں لایا گیا۔ جناب محمد ذوالفقار ٹیچر بطور لائبریرین جو کہ میٹرک سی۔ایل۔ ایس ہیں نے انتظام سنبھال رکھا ہے۔ مجموعہ کتب 13500 ہے خاص مجموعہ انسائیکلوپیڈیا ہے۔ اسے لائبریری سائینس کے اصولوں کے مطابق مرتب نہیں کیا گیا الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ فون نمبر 68358 برائے رابطہ موجود ہے۔ اوقات کار صبح 8 بجے سے 1 بجے تک ہیں۔

لائبریری گورنمنٹ کمپریہنسیو ہائر سیکنڈری سکول

LIBRARY GOVT. COMPREHENSIVE HIGHER SECONDARY SCHOOL.

یہ لائبریری 1971 میں قائم ہوئی۔ اس کے لائبریرین وسیم احمد صاحب ہیں۔ آپ میٹرک ہیں۔ مجموعہ کتب 2583 ہے۔ رابطہ فون نمبر 334374 ہے۔ اوقات کار 8 بجے سے 12 بجے تک

لائبریری گورنمنٹ کمپرہینسو گرلز سکول

LIBRARY COMPREHENSIVE GIRLS SCHOOL.

وحدت روڈ پر واقع ہے۔ یہ ایک تعلیماتی لائبریری ہے۔ محترمہ نجمہ سلطانہ جو کہ ایف۔ اے سی۔ ٹی ہیں بطور لائبریرین اس کا نظم ونسق چلا رہی ہیں۔ کتب کی کل تعداد 9000 سے زائد ہے کوئی خاص مجموعہ کتب نہیں ہے۔ سکیم DDC اور AACR استعمال کی گئی۔ سکول اوقات یعنی صبح 8 بجے سے 1 بجے تک کھلی رہتی ہے۔

گورنمنٹ گرلز ہائر سکینڈری اسکول
لائبریری سنگھ پورہ

LIBRARY GOVT. GIRLS HIGHER SECONDARY SCHOOL

SINGH PURA.

لائبریری گورنمنٹ ماڈل گرلز سکول

LIBRARY GOVT. MODEL GIRLS SCHOOL.

محترمہ سعیدہ وحید جو کہ میٹرک ایس۔ایل۔ایس بطور لائبریرین اسکا انتظام سنبھالے ہوئے ہیں۔ کتب کی تعداد 1942 ہے۔ کوئی خاص مجموعہ نہیں ہے رابطہ کیلئے فون نمبر 854634 موجود ہے۔ سکول کے اوقات کے دوران یہ لائبریری کھلی رہتی ہے۔

گیریژن بوائز ہائی سکول لائبریری

LIBRARY GARRISON BOYS HIGH SCHOOL.

لاہور چھاؤنی میں واقع ہے۔ اس کا قیام 1988 ء میں عمل میں لایا گیا۔ جناب منظور ڈوگر ایم۔ اے بطور لائبریرین اسکا نظم و نسق چلا رہے ہیں۔ کتب کی کل تعداد 1100 ہے۔ رابطہ کے لئے فون نمبر 374181 موجود ہے۔ صبح 8 بجے سے 2 بجے تک یہ لائبریری کھلی رہتی ہے۔

لاہور کینٹ لائی سیم لائبریری

LAHORE CANTT. LYCEUM LIBRARY.

طفیل روڈ پر واقع ہے۔ اس کا قیام 1984 ء میں عمل میں لایا گیا۔ مسز آر کنول ایم۔ اے۔ اسکی انچارج ہیں۔ کتب کی کل تعداد 100 ہے لائبریری سائینس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب نہیں کیا گیا ہے۔ فون نمبر 373375 برائے رابطہ موجود ہے۔ ہفتہ وار پیریڈ کیلئے یہ لائبریری کھلتی ہے۔

لاہور لائسیم لائبریری

LAHORE LYCEUM LIBRARY.

کینال بینک پر لاہور لائسیم کی یہ لائبریری ایک تعلیماتی لائبریری ہے۔ اسکا قیام 1987ء میں عمل میں لایا گیا۔ جناب عمر عزیز بی۔اے ایل۔ایل۔بی اسکے ڈائریکٹر ہیں۔ لائبریری سائینس کے اصولوں کے مطابق لائبریری کو مرتب کیا گیا ہے۔ سکول کے اساتذہ اور طلباء اس سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

نیا علیگڑھ پبلک سکول لائبریری

LIBRARY NEW ALI GARGH PUBLIC SCHOOL.

غالب روڈ گلبرگ 3-- 38 -47\2 -C پر واقع یہ ایک تعلیماتی لائبریری ہے۔ اسکا قیام 1965ء میں عمل میں لایا گیا۔ مسز شاہدہ بلوچ جو کہ ایم۔اے لائبریری سائینس ہیں نے اسکا تمام انتظام سنبھال رکھا ہے۔ کتب کی تعداد 6000 سے زائد ہے۔ چند ایک نادر کتب بھی ہیں۔ DDC سکیم استعمال کی گئی ہے۔ صبح 8 بجے سے 1.30 تک طلبا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

لائبریری گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول سنت نگر

LIBRARY GOVT. HIGHER SECONDARY SCHOOL

SANAT NAGAR.

دیو سماج روڈ کرشن نگر میں واقع ہے۔ اپریل 1965ء میں اس کا قیام عمل میں لایا گیا۔ محترمہ غازیہ سلطانہ جو کہ ایم۔اے فارسی ہیں نے اس کا نظم ونسق سنبھال رکھا ہے۔ کتب کی تعداد 1000 سے زائد ہے حروف ابجد کے تحت لائبریری کو مرتب کیا گیا ہے۔ صبح 8.30 بجے سے 1.00 بجے تک قارئین اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ رابطے کیلئے فون نمبر 67634 موجود ہے۔

گورنمنٹ گرلز ھائر سیکنڈری اسکول سمن آباد

GOVT. GIRLS HIGHER SECONDARY SCHOOL SAMANABAD.

محکمہ تعلیم کے تحت اسکول کے اندر قائم کی گئی لائبریری ہے

جامعاتی کتب خانے

جامعاتی شعبہ جاتی کتب خانے

مرکزی لائبریری پنجاب یونیورسٹی

CENTRAL LIBRARY PUNJAB UNIVERSITY

یہ لائبریری 1882 میں علامہ اقبال کیمپس میں قائم ہوئی۔ لیکن نئی عمارت کی تعمیر کے بعد مارچ 1988 سے قائد اعظم کیمپس میں منتقل کر دی گی ہے۔ یہ پاکستان کی قدیم جامعاتی لائبریری ہے۔ جو نادر ذخائر کتب اور قلمی نسخوں پر مشتمل ہے۔ جناب انوار الحق صاحب چیف لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ ایس اور ایم۔ اے پولیٹیکل سائنس ہیں۔ آپ شعبہ لائبریری سائنس کے چیئرمین کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں اور ان کی جگہ سینئر ڈپٹی چیف لائبریرین نصیر احمد صاحب بطور چیف لائبریرین اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ایس ایم۔اے اردو ۔ فارسی و عربی ہیں۔ سید جمیل احمد رضوی بطور ڈپٹی چیف لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ایس ہیں اور شعبہ السنہ الشرقیہ کے انچارج ہیں ۔ عملہ کی تعداد 103 ہے اور مجموعہ کتب 330000 ہے۔ نادر کتب کی تعداد 20000 ہے۔ جن میں چیدہ چیدہ مخطوطات اس طرح سے ہیں۔ ذخیرہ آزاد۔ ذخیرہ پیرزادہ ۔ ذخیرہ کیفی ۔ ذخیرہ شیرانی۔ ذخیرہ محبوب عالم ۔ ذخیرہ آمر ۔ ذخیرہ الصغر علی رومی ۔ ذخیرہ حکیم محمد موسی امرتسی۔ ان میں

سے بعض پوری دنیا میں صرف پنجاب یونیورسٹی کے پاس ہیں اور یہ مانون نسخے کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی کے پاس پاکستان کا سب سے بڑا مخطوطات کا ذخیرہ ہے۔ کچھ خریدے گئے ہیں اور کچھ بطور عطیہ ہیں۔ اس کے علاوہ علوم اسلامی طب۔ تاریخ۔ تفسیر۔ حدیث۔ فلسفہ زبان اردو۔ عربی۔ فارسی۔ پنجابی۔ ہندی۔ اور سنسکرت خط کوفی خط نسخ اور خط بہار میں ہیں۔ علوم انسانی پر بہت بڑا مجموعہ ہے

لائبریری کو ALA اور 16۔ DDC کے تحت مرتب کیا گیا ہے جبکہ تازہ ترین ایڈیشن سے بھی مدد لے لی جاتی ہے۔ لائبریری میں سمعی وبصری مواد کا انتظام کیا گیا ہے۔ لائبریری اساتذہ۔ طلباء۔ محققین کو سروسز فراہم کرتی ہے۔ رابطہ کے لئے فون نمبر 868853 ہے اور اوقات کار موسم گرما صبح 7.30 بجے تا 7 بجے شام اور موسم سرما میں صبح 8 بجے تا 6 بجے شام ہیں۔

سینئر لائبریرین مسز ثمینہ قریشی

سینئر لائبریرین حافظ مختار احمد

سینئر لائبریرین عبدالعزیز قریشی

سینئر لائبریرین تنویر احمد خان

سینئر لائبریرین علی رضا شاد

سینئر لائبریرین محمد انور جگری

سینئر لائبریرین محمد صدیق

سینئر لائبریرین نیاز علی

لائبریرین چوہدری محمد حنیف

لائبریرین احسان الحق

ڈپٹی چیف لائبریرین مس ریاض فاطمہ قریشی

ڈپٹی چیف لائبریرین خالد جاوید

ڈپٹی چیف لائبریرین محمد صدیق

سینئر لائبریرین مسز ملیحہ سلطان

سینئر لائبریرین ملک محمد حنیف

سینئر لائبریرین چوہدری محمد حنیف

ڈپٹی چیف لائبریرین مس محمودہ سلطانہ

ڈپٹی چیف لائبریرین خورشید احمد

ڈپٹی چیف لائبریرین مس خالدہ اختر

ڈپٹی چیف لائبریرین مسز سمیعہ چیمہ

ڈپٹی چیف لائبریرین محمد بشیر

ڈپٹی چیف لائبریرین ہدایت اللہ

ڈپٹی چیف لائبریرین ظفر عباس بھٹہ

لائبریری شعبہ ارضیات

LIBRARY GEOLOGY DEPARTMENT.

نیو کیمپس میں واقع ادارہ ارضیات کا نظم ونسق جناب حسیب احمد پراچہ نے سنبھال رکھاہے۔ آپ ایم۔ اے لائبریری سائنس ہیں۔ عملہ 3 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 7395 ہے۔ سمعی وبصری مواد کافی تعداد میں موجود ہے۔ نادر کتب 1000 سے زائد ہیں۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیاہے۔ سکیم DDC ۔ AACR 2 استعمال کی گئی ہے۔

لائبریری شعبہ اسلامیات

LIBRARY ISLAMIAT DEPARTMENT.

قائداعظم کیمپس میں واقع شعبہ اسلامیات کی لائبریری 1949 میں قائم کی گئی۔ بنیاد علامہ علاؤالدین صدیقی نے رکھی۔ محترمہ مسرت جبیں اسکی سینئر لائبریرین ہیں۔آپ ایم۔ایل۔ ایس ہیں اور محمد اسلام صاحب لائبریرین ہیں۔ عملہ 7 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 20000 ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب نہیں کیا گیا ہے۔ مگر سکیم خود ساختہ استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ فون نمبر 867993 برائے رابطہ موجود ہے۔ صبح 8 بجے تا 2.30 بجے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

لائبریری شعبہ اقبالیات

LIBRARY IQBALIAT DEPARTMENT.

یہ پنجاب یونیورسٹی علامہ اقبال کیمپس میں واقع ہے ۔ لائبریری فون نمبر 67961 ہے ۔ نادرہ زیدی صاحبہ ڈائریکٹر ہیں۔ آپ نے ایم ۔ اے آنرز کیا ہوا ہے ۔ 6500 جونیئر کلرک موجود ہیں۔ عمارت اورینٹل کالج سے ملحقہ ہے ۔

لائبریری شعبہ اقتصادیات

LIBRARY ECONOMICS DEPARTMENT.

قائداعظم کیمپس میں واقع ہے۔ شعبہ اقتصادیات کی اس لائبریری کے سینئر لائبریرین جناب سجاد حسین ہیں۔ جو کہ ایم۔ اے لائبریری سائنس ہیں۔ عملہ تین افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 7500 ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم AACR2 DDC استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے صبح 7.30 بجے سے 2 بجے دوپہر تک اس سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

لائبریری انٹرنیشنل یونیورسٹی

LIB RARY INTERNATIONAL UNIVERSITY.

گلبرگ میں غالب روڈ 1 -C\29 پر واقع ہے۔انٹرنیشنل یونیورسٹی کا قیام ستمبر 1987 ء میں عمل میں۔ آیا جناب طارق رحمان ڈائریکٹر نے سنگِ بنیاد رکھا۔ جناب منیر احمد بطور قائم مقام لائبریرین کام کر رہے ہیں۔ عملہ 2 افراد پر مشتمل کتب کی کل تعداد 700 ہے۔ رابطہ کے لئے فون نمبر 879772 موجود ہے۔ صبح 8 بجے سے رات 9 بجے تک اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریری شعبہ انجینئرنگ و ٹیکنالوجی

LIBRARY ENGINEERING AND TECHNOLOGY DEPARTMEN

پنجاب یونیورسٹی فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کی یہ لائبریری فنی کتب پر مشتمل ہے۔ جناب نذیر احمد ڈپٹی چیف لائبریرین ہیں۔ جناب محمد حسن ناصر جو کہ ایم۔ اے لائبریری سائنس اور ایم۔ اے پنجابی ہیں۔ اسکے لائبریرین ہیں۔ عملہ 7 افراد پر مشتمل ہے کتب کی کل تعداد 30000 ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کی گئی ہے۔ سکیم DDC استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے فون نمبر 864918 864116 برائے رابطہ موجود ہیں صبح 7.30 بجے تا 3.30 بجے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

انٹرنیشنل یونیورسٹی ٹی آئی یو

گریجویٹ سکول آف مینجمینٹ اینڈ کمپیوٹر سائنسز گلبرگ لاہور

LIBRLARY INTERNATIONAL UNIVERSITY T.I.U.

یہ لائبریری گلبرگ میں واقع ہے۔ محمد خان رانجھا ایم۔ اے ہسٹری اس کے لائبریرین ہیں۔ مجموعہ کتب 1000 ہے۔ رسائل کی تعداد 15 ہے۔ اس کو لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب نہیں کیا گیا۔ یہاں کتب کا اجراء کیا جاتا ہے۔ اوقات کار صبح 8 بجے سے 8 بجے شام تک رابطہ کے لئے فون نمبر 875213 ۔ 879772 ۔

لائبریری انسائیکلو پیڈیا آف اسلام

LIBRARY ENCYCLOPEDIA OF ISLAM.

حوالہ جاتی لائبریری ہے۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ کی تیاری کے سلسلہ میں 1950 میں اسکا قیام عمل میں آیا۔ علامہ اقبال کیمپس لاہور میں واقع ہے۔ ایم اسلام شاد بطور لائبریرین خدمات انجام دے رہے ہیں۔ کتب کی تعداد 3000 ہے۔ فون نمبر 53353 پر کیا جا سکتا ہے۔ اوقات کار 7.30 بجے سے 2 بجے تک

لائبریری شعبہ انگریزی

LIBRARY ENGLISH DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی شعبہ انگریزی کی لائبریری کے ڈپٹی چیف لائبریرین جناب محمد اقبال نے اسکا نظم ونسق سنبھال رکھاہے۔ آپ ایم۔ایل۔ ایس ہیں۔ عملہ 3 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 13000 ہے۔ کوئی خاص مجموعہ یا سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیاہے۔ سکیم DDC استعمال کی گئی ہے۔ برائے رابطہ فون نمبر 67591 موجود ہے۔ صبح 7.30 بجے تا 2 بجے تک فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

لائبریری اورینٹل کالج

LIBRARY ORIENTAL COLLEGE.

یونیورسٹی اورینٹل کالج کے سینئر لائبریرین جناب شوکت علی جبکہ محمد رفیق بشیری ڈپٹی چیف لائبریرین۔ نذیر احمد اعوان۔ اعجاز احمد لائبریرین ہیں نے اس لائبریری کا نظم ونسق سنبھال رکھا ہے۔ عملہ 13 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 45000 ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم DDC استعمال کی گئی ہے۔ فون نمبر 62169 برائے رابطہ موجود ہے۔ 3 مطالعہ گاہیں موجود ہیں۔ صبح 7.30 بجے سے 2 بجے تک اس لائبریری سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریری اورنٹیل کالج شعئبہ پنجابی

LIBRARY ORIENTAL COLLEGE PUNJABI DEPARTMENT.

اورنٹیل کالج پنجاب یونیورسٹی میں واقع یہ شعبہ پنجابی کی لائبریری ہے۔
اعجاز احمد جو کہ ایم۔ایل۔ایس ہیں اسکے لائبریرین ہیں۔ عملہ دو افراد پر
مشتمل ہے۔ مجموعہ کتب 4000 سے زائد ہے۔ لائبریری کو کسی خاص سکیم
کے تحت مرتب نہیں کیا گیا۔ صبح 7.30 بجے سے 2 بجے دوپہر تک
اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریری شعبہ ایم۔بی۔اے

LIBRARY M.B.A. DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس میں واقع ہے۔ 1973 میں قائم ہوئی۔ جناب اصغر علی اسکے لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔اے لائبریری سائنس ایل۔ایل۔بی ہیں۔ عملہ 4 افراد پر مشتمل ہے۔ 1 ٹیکنیکل 3 نان ٹیکنیکل۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے تحت مرتب کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔

خاص مجموعہ

Harvard Business review رابطہ فون نمبر 863917

لائبریری صبح 7.30 بجے سے 2.30 بجے تک کھلی رہتی ہے۔

لائبریری شعبہ ایم۔پی۔اے

LIBRARY M.P.A. DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ ایم پی اے کی لائبریری کے انچارج جناب عبدالعزیز ہیں۔ جو کہ ایم۔ ایل۔ ایس ہیں۔ اس کا قیام 1962 میں عمل میں آیا۔ عملہ 6 افراد پر مشتمل ہے کتب کی کل تعداد 28000 سے زائد ہے۔ کوئی خاص مجموعہ یا سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم DDC ۔ AACR استعمال کی گئی ہے۔ فون نمبر 854515 برائے رابطہ موجود ہے۔ الگ مطالعہ گاہ کا بندوبست ہے۔ صبح 8 بجے تا رات 8 بجے لگاتار یہ لائبریری کھلی رہتی ہے۔

لائبریری شعبہ آئی۔ بی۔ اے

LIBRARY I.B.A. DEPARTMENT.

قائداعظم کیمپس پنجاب یونیورسٹی شعبہ آئی بی اے کی یہ لائبریری 1973 میں قائم ہوئی۔ جناب تاج الدین افضل اسکے سینئر لائبریرین ہیں جبکہ محمد تحسین اس کے لائبریرین ہیں۔ عملہ 4 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 11000 ہے۔ 13 رسائل اور 9 اخبارات باقاعدگی سے لائبریری میں آتے ہیں۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم ALA- DDC استعمال کی گئی ہے۔ رابطہ کیلئے فون نمبر 863917 موجود ہے۔ صبح 7.30 بجے سے 2.30 بجے تک قارئین فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

پاک امریکن انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز

LIBRARY PAK-AMERICAN INSTITUTE OF MANAGEMENT SCIENCES.

یہ لائبریری 4 جے گلبرگ 3 میں واقع ہے ۔ یہ لائبریری بزنس ایڈمنسٹریشن ۔ ریاضی ۔ کمپیوٹر سائنس کی تازہ ترین کتب پر مشتمل ہے ۔ یہ حوالہ جاتی لائبریری ہے ۔ مجموعہ کتب 600 ہے ۔ جناب محمد شاہد اس کے لائبریرین ہیں ۔ رابطہ کے لئے فون نمبر 850745 ۔ 850456 فوٹو کاپی کی سہولت بھی موجود ہے ۔ یہ لائبریری اجرائی خدمات انجام دیتی ہے ۔

لائبریری شعبہ تاریخ

LIBRARY HISTORY DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی شعبہ تاریخ کی اس لائبریری کے لائبریرین جناب محمد یوسف ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ایس ہیں۔ عملہ 3 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 10575 ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیا۔ سکیم AACR-DDC استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ صبح 7.30 بجے سے 2 بجے دوپہر تک اس سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

لائبریری شعبہ تعلیم و تحقیق

LIBRARY EDUCATION AND RESEARCH DEPARTMENT.

قائداعظم کیمپس میں واقع شعبہ تعلیم و تحقیق کی یہ لائبریری 1954 میں قائم ہوئی۔ محترمہ عارفہ نسرین اسکی ڈپٹی چیف لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ ایس ہیں۔ اور عبدالغفور گل صاحب لائبریرین ہیں۔ عملہ 13 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 78000 ہے۔ کوئی خاص مجموعہ نہیں ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم DDC۔ AACR استعمال کی گئی ہے۔ فون نمبر 864468 برائے رابطہ موجود ہے۔ الگ مطالعہ گاہ کا بندوبست ہے۔ صبح 8 بجے تا 5 بجے شام لائبریری کھلی رہتی ہے۔

لائبریری شعبہ جغرافیہ

LIBRARY GEOGRAPHY DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی شعبہ جغرافیہ کی یہ لائبریری 1942 میں قائم ہوئی۔ جناب محمد حنیف ملک جو ایم۔ اے لائبریری سائنس ہیں۔ اسکے ڈپٹی چیف لائبریرین ہیں۔ عملہ 3 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 10000 ہے۔ لائبریری سائینس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم DDC۔ AACR استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ ہے۔ فون نمبر 864013 رابطہ موجود ہے۔ صبح 8 بجے تا2.30 بجے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

شعبہ خلائی سائنسز

LIBRARY SPACE SCIENCES.

اقبال کیمپس لاہور میں اس سال اس شعبے کا آغاز کیا گیا ہے۔ یہ لائبریری شعبہ فلکیات کو بھی خدمات فراہم کرتی ہے۔ جناب عبدالرحمن بٹ ایم۔ایل۔ایس لائبریرین کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ یہ لائبریری ابھی ابتدائی مراحل میں ہے۔ معلومات کے لئے فون نمبر 65327 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

لائبریری ڈسپلے سنٹر

LIBRARY DISPLAY CENTRE.

یہ لائبریری پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس فیصل آڈیٹوریم میں اس کا قیام 15 فروری 1988 میں ہوا۔ جناب سید محمد رفیق شاہ اس کے لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ایس ایم۔ اے (اسلامیات ہسٹری سیاسیات اقتصادیات)۔ ڈی۔ایل۔ایل ہیں ۔ اس سنٹر میں پنجاب یونیورسٹی کے اساتذہ اور ریسرچ سکالرز کا تحقیقی کام اور ریسرچ پیپرز رکھے ہوتے ہیں۔ تاکہ علم دوست حضرات استفادہ کر سکیں یہ لائبریری حوالہ جاتی ہے اور مرکز نمائش کے طور پر کام کر رہی ہے۔ مجموعہ کتب 850 ہے۔ اور میگزین کی تعداد 250 ہے۔ جبکہ آرٹیکلز کی تعداد 200 ہے۔ اس سنٹر میں ریسرچ سکالرز اساتذہ۔ طلباء وطالبات تحقیق کے لئے تشریف لاتے ہیں۔ لائبریری اوقات کار 7.30 بجے سے 2 بجے تک ہیں۔

لائبریری شعبہ ریاضی

LIBRARY MATHEMATICS DEPARTMENT.

شعبہ ریاضی پنجاب یونیورسٹی قائد اعظم کیمپس کی لائبریری کے سینئر لائبریرین جناب محمد الیاس ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ ایس ہیں۔ اس لائبریری کا قیام 1965 میں عمل میں لایا گیا۔ عملہ 4 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 8000 ہے۔ کوئی خاص مجموعہ یا سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم DDC _ AACR استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ کا بندوبست ہے۔ فون نمبر 864184 برائے رابطہ موجود ہے۔ صبح 7.30 بجے سے 2 بجے دوپہر تک اس سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

لائبریری شعبہ زوالوجی

LIBRARY ZOOLOGY DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی شعبہ زوالوجی کی اس لائبریری کے لائبریرین جناب صدیق احمد کھوکھر ہیں۔ آپ ایم۔ اے لائبریری سائنس ہیں۔ عملہ 4 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 5125 ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم DDC AACR2 استعمال کی گئی ہے۔ رابطہ موجود ہے۔ صبح 7.30 بجے سے شام 2 بجے تک فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریری شعبہ سالڈ سٹیٹ فزکس

LIBRARY SOLID STATE PHYSICS DEPARTMENT.

قائداعظم کیمپس میں واقع شعبہ سالڈ سٹیٹ فزکس کی یہ لائبریری 1973 میں قائم ہوئی۔ محترمہ شکیلہ فرزانہ اسکی لائبریرین ہیں۔ جو کہ ایم۔ اے لائبریری سائنس ہیں۔ عملہ 3 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 3538 ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم DDC _ AACR استمال کی گئی ہے۔ رابطہ کے لئے فون نمبر 864211-864285 موجود ہیں۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ لائبریری 7.30 بجے سے 2 بجے تک لائبریری کھلی رہتی ہے۔

لائبریری ساؤتھ ایشین سٹڈیز

LIBRLARY SOUTH ASIAN STUDIES.

یہ لائبریری پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس میں واقع ہے۔ یہ ریفرنس لائبریری ہے۔ مسز فرازنہ چیمہ بطور لائبریرین کام کر رہی ہیں۔آپ ایم-ایل-ایس ایم-اے پنجابی- ڈپلومہ ہندی اور عربی کیا ہوا ہے۔ عملہ 7 افراد پر مشتمل ہے مجموعہ کتب 16000 ہے۔ میگزین 60 آتے ہیں۔ مجلد میگزین کی تعداد 2000 ہے۔ فوٹو سٹیٹ کی سہولت بھی ہے۔ لائبریری DDC- AACR2 کے مطابق مرتب کی گئی ہے۔ رابطہ کے لئے فون نمبر 864014 ہے۔ اوقات کار 8.30 بجے سے 2.30 بجے تک ہیں

سنٹر آف ایکسیلینس ریسورسز لائبریری

LIBRARY CENTRE OF EXCELLENCE RESOURCES.

یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے سنٹر آف ایکسیلینس ریسورسز کی یہ لائبریری 1976 میں قائم کی گئی۔ محترمہ روبی یا مین اسکی لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ایس ہیں۔ عملہ 2 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 4500 رپورٹ جرنل ہے۔ سروسز سمعی وبصری مواد میں مائیکرو فلم اور مائیکر وفش ریڈر موجود ہیں۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ سکیم DDC - AACR استعمال کی گئی ہے۔ رابطہ کے لئے فون نمبر 337344 دستیاب ہے۔ صبح 8 بجے سے 5 بجے شام فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ انٹرنیشنل جرنل آف ریسورسز کے 31 ٹائیٹل ہیں۔ 1650 رپورٹ بیرونی ممالک واپڈا اور لوکل ہیں۔ اسکے علاوہ برٹش لائبریری لینڈنگ ڈویژن بھی ہے۔ یہ سروسز لائبریری ریڈر ایڈ وا عزازی ریفرنس کتب کا اجراء فوٹو کاپی سروسز دے رہی ہے۔ اس کے علاوہ بی۔ایل۔ایل۔ ڈی کو ہن سروس بھی دی جاتی ہے۔ سنٹر کی جتنی پبلیکیشنز ان کے ایکسیلینس بھی بتانے ہوتے ہیں۔ سنٹر کی لائبریری میں بک بینک بھی ہے۔ جہاں سے کچھ بک سیکورٹی لے کر دی جاتی اور بک کی واپسی پر سیکورٹی واپس کر دی جاتی ہے۔

لائبریری شعبہ سوشل سائنس ریسرچ

LIBRARY SOCIAL SCIENCE RESEARCH DEPARTMENT.

یہ سوشل سائنس ریسرچ سنٹر کی لائبریری ہے۔ جسکا سنگ بنیاد ڈاکٹر ایچ۔ پریفر نے 1960 ء میں رکھا۔ سینئر لائبریرین مسز انجم ناصر ہیں۔ آپ ایم۔ ایل۔ ایس ہیں۔ جناب منیرالدین اسکے لائبریرین ہیں۔ آپ ڈی۔ ایل۔ ایس ہیں۔ عملہ 5 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کا مجموعہ 8927 کتابوں پر مشتمل ہے سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم AACR DDC استعمال کی گئی ہے۔ فون نمبر 863968 موجود ہے۔ اسکے اوقت کار صبح 7 بجے تا 7 بجے شام ہیں۔

شعبہ سوشل ورک

LIBRARY SOCIAL WORK DEPARTMENT.

یہ لائبریری علامہ اقبال کیمپس میں واقع ہے۔ جناب محمد حنیف مرزا بطور لائبریرین اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ایس ہیں۔ عملہ 3 افراد پر مشتمل ہے مجموعہ کتب 11387 ہے۔ رابطہ کے لئے ٹیلی فون 63687 ہے۔ لائبریری سے صبح 7.30 بجے تا 2 بجے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریری شعبہ سیاسیات

LIBRARY POLITICAL SCIENCE DEPARTMENT.

قائد اعظم کیمپس جامعہ پنجاب کے خوبصورت ماحول میں واقع شعبہ سیاسیات کی یہ لائبریری پاکستان کے قیام سے پہلے معرض وجود میں آچکی تھی۔ جناب محمد پرویز اختر قاضی جو کہ ایم۔ایل۔ایس ہیں اسکے سینئر لائبریرین ہیں۔ عملہ 5 افرد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 9225 ہے۔ خاص مجموعہ کتب سیاسیات ہیں سمعی وبصری مواد موجود نہیں۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ سکیم AACR2 DDC استعمال کی گئی ہے۔ فون نمبر 863982 برائے رابطہ موجود ہے صبح 7.30 بجے تا 2 بجے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریری شعبہ شماریات

LIBRARY STATISTICS DEPARTMENT.

شعبہ شماریات کی لائبریری قائداعظم کیمپس میں واقع ہے۔ جناب ذوالفقار علی اسکے لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ ایس ہیں۔ لائبریری کا عملہ 13افراد پر مشتمل ہے۔ مجموعہ کتب 7000 ہے۔ جبکہ شماریات کا ایک جرنل بھی آتا ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ DDC اور AACR 2 استعمال کی گئی ہے۔ رابطہ کے لئے ٹیلی فون نمبر 864008 ہے اوقات کار 30۔7 بجے سے 2 بجے ہیں۔

لائبریری شعبہ صحافت

LIBRARY JOURNALISM DEPARTMENT.

جامعہ پنجاب شعبہ صحافت کی لائبریری کے انچارج سینئر لائبریرین جناب نذر احمد ہیں۔ آپ ایم۔ اے لائبریری سائنس ہیں۔ عملہ 4 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 6500 ہے سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ DDC سکیم استعمال کی گئی ہے۔ فون نمبر رابطہ موجود ہے۔ صبح 7.30 بجے سے 2 بجے دوپہر اس سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

لائبریری علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

LIBRARY ALLAMA IQBAL OPEN UNIVERSITY.

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ریجنل آفس واقع 11 نظام بلاک علامہ اقبال ٹاؤن میں موجود یہ لائبریری 1982 میں قائم ہوئی۔ سنگِ بنیاد جناب ڈاکٹر جی۔ اے الانہ نے رکھا۔ عملہ 2 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 2500 ہے۔ لائبریرین کی سیٹ خالی ہے۔ اضافی چارج ایم الیاس فاروقی صاحب نے سنبھال رکھا ہے۔ اس کو لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق ابھی تک مرتب نہیں کیا گیا۔ فون نمبر 431205 موجود ہے۔ صبح 8 بجے سے 2.30 بجے یہ لائبریری کھلی رہتی ہے۔ جبکہ بدھ اور جمعرات کو لائبریری شام 5.30 بجے تک کھلی رہتی ہے۔

لائبریری شعبہ فزکس عبدالبصیر پال میموریل

LIBRARY PHYSICS ABDUL BASIR PAUL MEMORIAL DEPARTMENT.

عبدالبصیر پال میموریل فزکس لائبریری کا قیام 1952 میں عمل میں لایا گیا۔ جناب خوشی محمد اسکے سینئر لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ایس ہیں۔ علاوہ ازیں ہندی اور ترکی کا سرٹیفیکیٹ بھی رکھتے ہیں۔ جبکہ محمد یوسف لائبریرین ہیں۔ عملہ 5 افرد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 15000 ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیاہے۔ فون نمبر 863926 رابطہ کے لئے موجودہے۔ سکیم DDC ۔ AACR2 استعمال کی گئی ہے۔ صبح 7.30 بجے تا 2 بجے دوپہر یہ لائبریری کھلی رہتی ہے۔

لائبریری شعبہ عمرانیات

LIBRARY SOCIOLOGY DEPARTMENT.

جامعہ پنجاب کا شعبہ سوشیالوجی جو کہ قائد اعظم کیمپس میں واقع ہے
یہ لائبریری 1955 میں قائم ہوئی۔ جناب محمد شفیع گل اسکے سینئر لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ایس ہیں۔ عملہ 4 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 19800 ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ سکیم DDC ۔ AACR استعمال کی گئی ہے۔ لائبریری ایر کنڈیشنڈ ہے اور دیگر شعبہ جات سے منفرد ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ فون نمبر 863981 برائے رابطہ موجود ہے۔ صبح 7.30 سے 2 بجے تک اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریری شعبہ فارمیسی

LIBRARY PHARMACY DEPARTMENT.

اقبال کیمپس میں واقع فیکلٹی آف فارمیسی کی یہ لائبریری 1962 میں قائم ہوئی۔ جناب محمد شریف سینئر لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ایل۔ ایس ہیں۔ عملہ 4 افراد پر مشتمل ہے۔ کوئی خاص مجموعہ یا سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم خود ساختہ ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ فون نمبر 64754-66172 برائے رابطہ موجود ہے۔ فوٹو کاپی کی سہولت کا بندوبست ہے۔ صبح 7.30 بجے تا 2 بجے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریری شعبہ فائن آرٹس

LIBRARY FINE ARTS DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی شعبہ فائن آرٹس کی یہ خوبصورت لائبریری ہے۔ سینئر لائبریرین جناب اصغر علی چوہدری جو کہ ایم۔ ایل۔ایس ہیں نے اس شعبہ کو سنبھال رکھا ہے۔ عملے کی کل تعداد 3 ہے۔ مجموعہ کتب 6000 کتب پر مشتمل ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم DDC - AACR استعمال کی گئی ہے۔ رابطہ کے لئے فون نمبر 53795 موجود ہے۔ صبح 8 بجے سے 2.30 بجے تک سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریری شعبہ فرنچ

LIBRARY FRENCH DEPARTMENT.

قائد اعظم کیمپس میں واقع ہے۔ شعبہ فرنچ کی اس لائبریری کا نظم ونسق جناب صالح مسعود مرزا لائبریرین نے سنبھال رکھاہے۔ عملہ ایک فرد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 5000 ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب نہیں کیا گیاہے۔ صبح 7.30 بجے سے 2 بجے دوپہر تک یہ لائبریری کھلی رہتی ہے۔

لائبریری شعبہ فلسفہ

LIBRARY PHILOSOPHY DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی شعبہ فلسفہ کی لائبریری 1963 میں قائم ہوئی۔ محترمہ کنول امین جو کہ ایم۔ایل۔ایس ہیں۔ اسکی سینئر لائبریرین ہیں۔ عملہ 3 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 7000 ہے۔ عطیہ ایم۔ایم شریف اور ذخیرہ کتب سی۔اے قادر خاص مجموعے ہیں۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کرنے کی کوشش جاری ہے۔ سکیم AACR2 DDC استعمال کی گئی ہے۔ فون نمبر 863984 برائے رابطہ موجود ہے۔ صبح 8 بجے سے 2 بجے تک فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

لائبریری شعبہ فیکلٹی آف فارمیسی

LIBRARY FACULTY OF PHARMACY.

شعبہ جاتی لائبریری ہے۔ اسکا قائم 1952 میں عمل میں آئی۔ یہ علامہ اقبال کیمپس میں واقع ہے۔ میاں محمد نواز ایم۔ایل۔ایس بطور لائبریرین کام کر رہے ہیں۔ ہندی اور ترکی زبانوں میں بھی مہارت رکھتے ہیں۔ درجہ بندی اور کیٹلاگنگ اسکیم خود ساختہ ہے۔ فوٹو کاپی کی سہولت ہے۔ فون نمبر 66172 ہے۔64754۔ یہ لائبریری صبح 7.30 بجے سے 2 بجے تک کھلی رہتی ہے۔

لائبریری شعبہ لائبریری سائنس

LIBRARY SCIENCE DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی کا شعبہ لائبریری سائنس قائداعظم کیمپس میں واقع ہے۔ اس میں قائم شدہ لائبریری کا سنگِ بنیاد 1882 میں رکھا گیا۔ جناب محمد حمید مرزا اسکے لائبریرین ہیں۔ آپ نے ایم۔ اے لائبریری سائنس کرنے کے بعد اسکا نظم ونسق سنبھالا ہے۔ عملہ 3 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 4500 ہے۔ جبکہ کوئی خاص مجموعہ یا سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیا۔ سکیم AACR DDC استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ فون نمبر 863764 برائے رابطہ موجود ہیں۔ صبح 7.30 بجے تا 2 بجے کھلی رہتی ہے۔

لائبریری لاء کالج

LIBRARY LAW COLLEGE.

قائد اعظم کیمپس میں واقع یونیورسٹی لاء کالج کی اپنی لائبریری ہے۔ لاء کالج کے ڈپٹی چیف لائبریرین سعید احمد صاحب اور منیر احمد صاحب ہیں۔ سینئر لائبریرین ناصر عباس خان صاحب اور محمد حنیف شاد صاحب ہیں۔ جبکہ عمر حیات بھٹی اور چوہدری نذر حسین لائبریرین ہیں۔ عملہ 17 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 55000 ہے۔ ذاتی تیار کردہ سکیم کے تحت اسے مرتب کیا گیا ہے۔ الگ مطالعہ گاہ اور فون نمبر 854213 موجود ہے۔ صبح 7 بجے سے شام 7 بجے تک فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

لائبریری شعبہ مساجد

LIBRARY MOSQUES DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی شعبہ مساجد کی لائبریری کے انچارج اور سینئر لائبریرین جناب محمد بشیر ہیں۔ آپ ایم۔ ایل۔ ایس ہیں۔ عملہ 13 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 5000 ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ سکیم DDC، AACR- 2 استعمال کی گئی ہے۔ فون نمبر 864027 برائے رابطہ موجود ہے۔ صبح 7.30 بجے سے 2 بجے تک فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے

لائبریری شعبہ نباتات

LIBRARY BOTANY DEPARTMENT.

الطاف حسین بٹ صاحب ایم۔اے لائبریری سائنس ہیں۔ مجموعہ کتب 9000 کے قریب ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے تحت مرتب کی گئی ہے۔ فون نمبر 863965 864759 اوقات کار 8 بجے سے شام 7 بجے تک ہیں۔

لائبریری شعبہ نفسیات

LIBRARY PSYCHOLOGY DEPARTMENT.

قائد اعظم کیمپس پنجاب یونیورسٹی میں واقع ہے۔ اس کا قیام 1962ء میں عمل میں لایا گیا۔ عملہ 3 افراد پر مشتمل ہے۔ محترمہ آمنہ شاہد جو کہ ایم۔ ایل۔ ایس ہیں اسکی لائبریرین ہیں۔ کتب کی کل تعداد 7500 ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم AARC- DDC استعمال کی گئی ہے۔ یہ صبح 7.30 بجے تا 2 بجے دوپہر تک لائبریری کھلی رہتی ہے۔ رابطہ کیلئے فون نمبر 864289 موجود ہے۔

لائبریری نیشنل کالج آف آرٹس

LIBRARY NATIONAL COLLEGE OF ARTS.

شاہراہ قائد اعظم پر واقع نیشنل کالج آف آرٹس کی لائبریری کا قیام 1875 ء میں عمل میں آیا۔ یہ ایک مخصوص کلیاتی لائبریری ہے۔ جناب معین ابن اظہر ملک اسکے لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ ایل۔ ایس ہیں۔ عملہ چار افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 8000 ہے۔ 210 نادر کتب ہیں۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم AACR ۔ DDC استعمال کی گئی ہے۔ فون نمبر 53567 برائے رابطہ موجود ہے۔ صبح 8.30 بجے تا 2.30 بجے فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔

لائبریری شعبہ ہائی انرجی فزکس

LIBRARY HIGH ENERGY PHYSICS DEPARTMENT.

پنجاب یونیورسٹی کے سینٹر فار ہائی انرجی فزکس کی یہ لائبریری 1983 میں قائم ہوئی۔ جناب محمد ادریس بلوچ اسکے لائبریرین ہیں۔ آپ ایم۔ اے لائبریری سائنس ہیں۔ عملہ 4 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 650 کوئی خاص مجموعہ یا سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیاہے۔ سکیم DDC ۔ AACR استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ کا بندوبست ہے۔ فون نمبر 863932 موجود ہے۔ صبح 7.30 بجے سے 2 بجے تک لائبریری کھلی رہتی ہے۔

لائبریری یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (فیصل شہید) لاہور

LIBRARY UNIVERSITY OF ENGINEERING & TECHNOLOGY

(FAISAL SHAHEED LAHORE.

فیصل شہید لائبریری انجنئرنگ یونیورسٹی میں ہے۔ جس کا قیام 1961
میں عمل میں لایا گیا۔ جناب محمد رمضان اسکے چیف لائبریرین ہیں۔ آپ
ایم۔ایل۔ایس ایم۔اے اسلامیات ہیں۔ جبکہ عبدالرشید۔ سرفراز احمد۔
عبدالحمید اسسٹینٹ لائبریرین ہیں۔ محمد سعید۔ نذیر احمد گرومانی۔اقبال
احمد صاحب لائبریری اسسٹینٹ ہیں اور مظفر احمد ڈپٹی چیف لائبریرین
ہیں۔ عملہ 52 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 120000 ہے۔
16000 مجلد جرائد اور 80000 دیگر رسائل ہیں۔ اسے لائبریری سائنس
کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم AACR-DDC استعمال
کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ کی سہولت دستیاب ہے۔ فون نمبر
339243 برائے رابطہ موجود ہے۔ صبح 8 بجے تا 2 بجے استفادہ کیا جا
سکتا ہے۔ ——— سول۔الیکٹریکل۔ میکینیکل۔ میٹرولوجیکل۔
مائینگ پٹرولیم ۔ سٹی اینڈ ریجنل پلاننگ فزکس۔ کیمسٹری ۔ ریاضی
انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ اینڈ ریسرچ (آئی پی ایچ ای آر)
شعبہ جاتی لائبریریاں ہیں اور یہ لائبریریوں کے نام سے جانی جاتی ہیں۔ ان

لائبریریوں کا انتظام شعبہ جات کے اساتذہ نے سنبھال رکھا ہے جبکہ انسٹی ٹیوٹ پبلک ہیلتھ۔ انجینئرنگ اینڈ ریسرچ (آئی پی ایچ ای آر) کی لائبریری میں فیاض احمد صاحب نے لائبریرین کی حیثیت سے نظم ونسق سنبھال رکھا ہے۔ آپ ایم۔ایل۔ایس ہیں اس لائبریری انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی کی بہترین جامعاتی لائبریریوں میں ہوتا ہے۔

لائبریری آف یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائینسز

LIBRARY OF UNIVERSITY OF MANAGEMENT SCIENCES.

گلبرگ 3 ـ 2. C /103 میں واقع ہے۔ اسکا سنگ بنیاد سات ستمبر 1985 کو محترمہ بشریٰ الماس نے رکھا۔ محترمہ بشریٰ الماس ریاض جو کہ ایم۔ اے لائبریری سائنس ہیں نے بطور چیف لائبریرین اس کا نظم ونسق سنبھال رکھا ہے اور امداد باہمی کے تحت ایک پراجیکٹ LABELNET شروع کر رکھا ہے۔ جو اپنی نوعیت کا منفرد پراجکٹ ہے۔ اسکا کام مسز بشریٰ ریاض کی نگرانی میں تیزی سے تکمیل کے مراحل طے کر رہا ہے۔ کتب کی کل تعداد 6000 سے زائد ہے۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم DDC استعمال کی گئی ہے۔ لائبریری کمپیوٹرائزڈ ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ رابطہ کیلئے فون نمبر 870385 موجود ہے۔ صبح 8.30 بجے تا 8 بجے شام یہ لائبریری کھلی رہتی ہے۔ عملہ 6 افراد پر مشتمل ہے۔ جناب جاوید اقبال ایم۔ اے لائبریری سائنس نے شعبہ تکنیکی امور سنبھال رکھا ہے۔ جبکہ جناب جاوید احمد ایم۔ایل۔ایس قارئین کی خدمات پر مامور ہیں۔ جناب نوید اقبال

ایم-ایل-ایس LABELNG کے سلسلہ میں معاونت کر رہے ہیں۔
اسکے علاوہ ایم۔ اے اکنامکس بطور Subject Specialist خدمات
انجام دے رہے ہیں۔

حوالہ جاتی کتب خانے

حوالہ جاتی کتب خانے

لائبریری بورڈ آف ٹیکنیکل

LIBRARY BOARD OF TECHNICAL.

حوالہ جاتی لائبریری ہے ۔ بیگم روڈ پر واقع ہے۔

لائبریری پیکو

LIBRARY PECO.

حوالہ جاتی لائبریری کوٹ لکھپت میں واقع ہے۔

ٹیلی فون اینڈ ٹیلی گراف لائبریری

LIBRARY TELEPHONE،AND TELEGRAPH.

حوالہ جاتی لائبریری ہے۔ ٹیلی فون اینڈ ٹیلی گراف ہیڈ آفس لاہور میں واقع
ہے۔

لائبریری جم خانہ کلب

LIBRARY JIMKHANA CLUB.

حوالہ جاتی لائبریری جم خانہ اپر مال میں واقع ہے۔

لائبریری جیل سٹاف

LIBRARY JAIL STAFF.

فیروز پور روڈ پر کیمپ جیل میں واقع حوالہ جاتی لائبریری ہے۔

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان

LIBRARY CHARTERED ACCOUNTANT OF PAKISTAN.

یہ حوالہ جاتی لائبریری سلیم چیمبرز میکلوڈ روڈ پر واقع ہے۔

لائبریری داؤد کارپوریشن

LIBRARY DAWOOD CORPORATION.

حوالہ جاتی لائبریری ہے مال روڈ داؤد کارپوریشن کے دفتر الفلاح میں واقع ہے۔

لائبریری ریلوے انسٹی ٹیوٹ

LIBRARY RAILWAY INSTITUTE.

والٹن میں واقع ہے۔

لائبریری رینجرز ہیڈ کوارٹر

LIBRARY RANGERS HEAD QUARTER.

حوالہ جاتی لائبریری اپر مال پر واقع ہے۔

لائبریری سول ڈیفینس اکیڈمی

LIBRARY CIVIL DEFENCE ACADEMY.

یہ لائبریری ایکمن روڈ G O R میں واقع حوالہ جاتی لائبریری ہے۔

لائبریری شالیمار ہسپتال

LIBRARY SHALIMAR HOSPITAL.

یہ حوالہ جاتی لائبریری ہے۔

لائبریری کسٹم ہاؤس

LIBRARY CUSTOM HOUSE.

نابھہ روڈ پہ واقع حوالہ جاتی لائبریری ہے۔

لائبریری کمشنر سیکورٹی آفس

LIBRARY COMMISSIONER SECURITY OFFICE.

یہ لائبریری گلبرگ میں واقع ہے۔ حوالہ جاتی لائبریری ہے۔

لائبریری مقبرہ انارکلی

LIBRARY ANAR KALI TOMB.

سول سیکرٹریٹ میں واقع مقبرہ انار کلی کے اندر یہ حوالہ جاتی لائبریری قائم کی گئی ہے۔

نیشنل فرٹیلائزر کارپوریشن

LIBRARY NATIONAL FERTILIZERS CORPORATION.

گنگا رام مین مال روڈ پر واقع حوالہ جاتی لائبریری ہے۔

ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ باغبانپورہ

LIBRARY VACATIONAL INSTITUTE BAGHBAN PURA.

یہ باغبانپورہ میں واقع ہے ۔ محکمہ تعلیم نے 1951 ء میں اس کو قائم کیا۔

ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ فارویمن دیو سماج روڈ

LIBRARY VOCATIONAL INSTITUTE FOR WOMEN

DAO SAMAJ ROAD.

محکمہ تعلیم نے 1946 میں اس کو قائم کیا۔

وومن ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ لاہور کینٹ

LIBRARY WOMEN VOCATIONAL INSTITUTE LAHORE CANTT.

1981 میں قائم ہوئی۔

لائبریری ہلال احمر

LIBRARY RED CRESCENT.

یہ حوالہ جاتی لائبریری پولیس اسٹیشن سول لائنز کے قریب واقع ہے۔

○

عوامی کتب خانے

ذکر بستی مواهد

عوامی کتب خانے

لائبریری امریکن سنٹر

LIBRARY AMERICAN CENTRE.

شاہراہ فاطمہ جناح پر واقع ہے۔ جناب محمد اسلم مجاہد اسکے ڈائریکٹر ہیں۔ آپ ایم۔ اے لائبریری سائنس پنجاب اور ایم۔ اے لائبریری سائنس (ہوائی امریکہ) ہیں۔ عملہ 8 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 13448 ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم AACR2-DDC استعمال کی گئی ہے۔ فون نمبر 306991-5 برائے رابطہ موجود ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ صبح 10 بجے 4 بجے شام تک فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

درج ذیل لائبریرین بھی اس امریکن سنٹر میں کام کر رہے ہیں۔

مسز راحت منصور قریشی ---- ایم۔ اے لائبریری سائنس
جناب محمد اصغر --------- ایم۔ اے لائبریری سائنس
جناب شہزاد احمد -------- ایم۔ اے لائبریری سائنس

برٹش کونسل لائبریری

BRITISH COUNCIL LIBRARY.

اس لائبریری برٹش کونسل نے 1951 میں قائم کیا۔ یہ پبلک لائبریری
ہے۔ اور یہ مزنگ روڈ پر واقع ہے۔ چیف لائبریرین (سربراہ شعبہ) مسٹر
وی۔ پی فورشا صاحب ہیں اور آپ ایم۔ ایل۔ ایس ہیں۔ جبکہ لائبریرین
جناب اے ہادی خان ہیں اور آپ سی۔ ایل۔ ایس ہیں۔ آپ نے لندن
سے سٹاف ٹریننگ کورس آف لائبریری مینجمینٹ بھی کیا ہوا ہے۔
تحسین عاصم لائبریری اسسٹینٹ ہیں اور آپ ایم۔ ایل۔ ایس ہیں۔ جبکہ
مظہر وحید۔ محمد نصیر لائبریری اسسٹینٹ ہیں اور دونوں سی۔ ایل۔ ایس
ہیں۔ عملہ 13 افراد پر مشتمل ہے۔ مجموعہ کتب 45000 ہے۔ رسائل
وجرائد کی تعداد 260 ہے۔ ممبران کی تعداد 6000 ہے۔ تقریباً 400تا
350 ممبران روزانہ لائبریری آتے ہیں لائبریری برٹش کونسل کے پاس
کمپیوٹر بھی ہے۔ لائبریری کو سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا
ہے۔ DDC اور AACR2 استعمال ہو رہا ہے۔ نادر کتب میں پاکستان
برٹش انڈیا پر کتب ہیں۔ نادر مجموعہ میں پاکستانی کتب ہیں۔ برٹش
کونسل لائبریری کی پبلیکشن میں برٹش کونسل سروسز ان پاکستان اور
برٹش کتب کیسے حاصل کی جائیں اور کیٹلاگ آف پاکستان کا مجموعہ شامل

ہیں۔ لائبریری میں برٹش اخبارات اور جرنل پڑھنے کے لئے جگہ مخصوص
ہے۔ اس کے علاوہ 1940 کی مائیکروفلم موجود ہے۔ برٹش کتب
مائیکروفش فارم میں بھی موجود ہیں۔ اخبارات کے تراشے اور پمفلٹ
بھی موجود ہیں۔ لائبریری میں سمعی وبصری سہولیات کے علاوہ فوٹو
سٹیٹ کی سہولت بھی موجود ہے۔ رابطہ کے لئے ٹیلی فون نمبر
54278 ہے۔ لائبریری صبح 9.30 بجے تا 7 بجے شام تک کھلی رہتی ہے۔

لائبریری پاکستان نیشنل سنٹر

LIBRARY PAKISTAN NATIONAL CENTRE.

الفلاح بلڈنگ میں واقع ہے۔ جناب اے۔آر کارنیلس نے 1964ء میں اس کا سنگ بنیاد رکھا۔ جناب سرفراز النبی اسکے لائبریرین ہیں۔ آپ ایف۔ایس۔ سی سی۔ایل۔ایس ہیں۔ عملے کی تعداد 6 ہے۔ کتب کی کل تعداد 23000 ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود ہے۔ خاص مجموعہ پاکستانیات۔ اقبالیات۔ ٹیکسٹ بک اردو انگریزی۔ بچوں کے لئے اس کے علاوہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا کولیکشن بھی ہے۔ 3000 الگ الگ شیلفوں میں رکھی گئی ہیں۔ لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق اسے مرتب کیا گیاہے۔ سکیم AACR-DDC استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ فون نمبر 301690 برائے رابطہ دستیاب ہے۔ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک فائدہ حاصل کیا جا سکتاہے۔

پنجاب پبلک لائبریری

PUNJAB PUBLIC LIBRARY.

ریونیو بورڈ کے دفاتر کے بالکل قریب واقع یہ ایک پرشکوہ اور پاکستان کی سب سے قدیم اور بڑی لائبریری ہے۔ یہ ایک عوامی کتب خانہ ہے جناب مقصود علی کاظمی اسکے چیف لائبریرین سکیرٹری ہیں۔ آپ ایم۔اے ایم۔ایل۔ایس ایل۔ایل۔ بی ڈی۔ ڈی۔ ایل ہیں۔ عملہ 62 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 253584 ہے۔ سمعی وبصری مواد میں فلم پروجیکٹر اردو ہیڈ پروجیکٹر۔آڈیو اینڈ وڈیو کیسٹ۔ ٹی وی۔ وی سی آر۔ موجود ہیں۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیاہے۔ سکیم AACR ۔ DDC استعمال کی گئی ہے۔ الگ الگ مطالعہ گاہیں موجود ہیں۔ فون نمبر325487 برائے رابطہ موجود ہے۔ صبح 8 بجے شب اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

عہدہ	نام	تعلیم
ڈپٹی چیف لائبریرین	حافظ خدا بخش شاد	ایم۔ایل۔ایس۔ایم
اسسٹنٹ لائبریرین	ظل حسنین	ایم۔ایل۔ایس
اسسٹنٹ لائبریرین	مسز ایس ایس عثمانی	ایم۔ایل۔ایس۔ایم
اسسٹنٹ لائبریرین	ایس غلام احمد چوہدری	ایم۔ایل۔ایس
اسسٹنٹ لائبریرین	نصرت علی ایاز	ایم۔ایل۔ایس
اسسٹنٹ لائبریرین	ارشد چوہدری	ایم۔ایل۔ایس
اسسٹنٹ لائبریرین	مس پروین شریف	ایم۔ایل۔ایس
اسسٹنٹ لائبریرین	امجد حسین	ایم۔ایل۔ایس
اسسٹنٹ لائبریرین	مسز یاسمین ریحانہ	ایم۔ایل۔ایس
اسسٹنٹ لائبریرین	مسز نعیمہ ظفر	ایم۔اے ڈی۔ ایم۔ ایس

دارالسلام لائبریری

DAR-US-SALAM LIBRARY.

باغ جناح کے جنوب مغربی حصے میں واقع ہے۔ ماحول انتہائی خوبصورت ہے۔ جناب محمد اسلم نظام الدین قریشی ڈائریکٹر ہیں۔ آپ گریجویٹ اور بزنس مینجمینٹ میں ڈپلومہ ہولڈر ہیں۔ لائبریرین محمد اسلم ایم۔ ایل۔ ایس ہیں۔ عملہ 8 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 38000 ہے۔ سمعی وبصری مواد موجود نہیں ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم L.C ۔ DD.C ۔18 استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ موجود ہے۔ رابطہ کے لئے فون نمبر 305389 موجود ہے۔ صبح 9 بجے رات 8 بجے اس سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری

DAYAL SINGH TRUST LIBRARY.

نسبت روڈ پر واقع ہے یہ ایک عوامی کتب خانہ ہے۔ جناب نصرت علی ایڈ
پنجاب پبلک لائبریری Deputation پر آتے ہیں اور اس لائبریری کا نظم
ونسق سنبھالے ہوئے ہیں۔ آپ ایم۔ اے لائبریری سائنس اور
ایل۔ایل۔ بی ہیں۔ عملہ 26 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد
1323995 ہے۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا
گیاہے۔ سمعی و بصری مواد میں مائیکروفش ریڈر ٹی وی شامل ہیں۔ خاص
مجموعہ خواجہ صلاح الدین۔ ڈاکٹر صفدر حسین ہے۔ برائے رابطہ فون نمبر
229483 موجود ہے الگ الگ مطالعہ گاہیں موجود ہیں۔ یہاں ایک
ریسرچ سیل بھی کام کر رہاہے۔ صبح 11 بجے سے 5 بجے تک اس سے
فائدہ حاصل [illegible] جا سکتاہے۔

شاہ محمد غوث لائبریری

SHAH MOHAMMAD GHOS LIBRARY.

شاہ محمد غوث بیرون دہلی گیٹ میں واقع ہے۔ اس کا قیام 1926ء میں عمل میں لایا گیا۔ یہ ایک عوامی کتب خانہ ہے۔ عملہ 9 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 35000 ہے اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم AACR-DDC استعمال کی گئی ہے۔ الگ مطالعہ گاہ کا بندوبست ہے صبح 7.30 بجے سے شام 5 بجے تک اس سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

فاضلیہ پبلک لائبریری

FAZALIA PUBLIC LIBRARY.

فاضلیہ لائبریری جو کہ ملتان روڈ پر واقع ہے۔ عوامی نوعیت کی لائبریری ہے۔ اسکا قیام 1963ء میں عمل میں آیا۔ جناب الطاف شوکت اسکا نظم ونسق چلا رہے ہیں۔ آپ ایم۔ اے اسلامیات اور سی۔ایل۔ایس ہیں۔ عملہ چار افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی کل تعداد 3500 ہے۔ نادر کتب میں چار قرآن پاک اور کچھ دیگر کتب ہیں۔ اسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ سکیم AACR-DDC استعمال کی گئی ہے۔ صبح 8 تا 12 بجے دوپہر کھلی رہتی ہے۔

قائداعظم لائبریری

QUAID-E-AZAM LIBRARY

یہ لائبریری باغ

جناح کے خوبصورت سبزہ زار کے درمیان واقع ہے۔ اس کی پر شکوہ عمارت صناعی کا بہترین شاہکار ہے۔ یہ ایک حوالہ جاتی عوامی لائبریری ہے۔ جو محققین اور طلباء کی ہر قسم کی مطالعاتی ضروریات کو پورا کر رہی ہے۔ خوبصورت عمارت کے پر سکون ایئر کنڈیشنڈ ماحول میں جدید سازوسامان سے مزین شعبہ سمعی و بصری مواد بھی قائم کیا گیا ہے۔ اور ایک تحقیقی مرکز جہاں محققین کو ہر قسم کی سہولت مہیا کی جاتی ہے، موجود ہے اور یہ مرکز کتب کی نشرواشاعت کا کام بھی کر رہا ہے اس لائبریری کے شعبہ رسائل وجرائد میں نہ صرف ملکی بلکہ غیر ملکی رسائل و اخبارات بھی منگوائے جاتے ہیں اور اہم موضوعات کے اشاریہ جات بھی تیار کئے جاتے ہیں۔ فروغ مطالعہ کے سلسلہ میں مذہبی ادبی ، ثقافتی وسماجی تقریبات کا اہتمام کیا جاتا ہے جن میں ملک کی اہم شخصیات اور دانش ور حصہ لیتے ہیں۔ بیرون ملک سے آنے والے وفود بطور خاص اس لائبریری کا دورہ کرتے ہیں۔

ڈائریکٹر جنرل پبلک لائبریریز پنجاب ریٹائرڈ ائر کموڈور محترم انعام الحق اس کے منتظم اعلیٰ ہیں۔ ان کی نگرانی میں یہ لائبریری روز افزوں ترقی کر رہی ہے

جناب شیر افگن ملک اس کے چیف لائبریرین ہیں۔ آپ ایم ایل ایس، ایم اے اردو اور ایل ایل بی ہیں۔ عملہ 85 افراد پر مشتمل ہے۔ کتب کی تعداد 75000 ہے خاص مجموعہ سول ملٹری گزٹ ہے۔ جسے لائبریری سائنس کے اصولوں کے تحت مرتب کیا گیا ہے۔ الگ مطالعہ گاہیں موجود ہیں۔ طلباء کی سہولت کے لئے نصابی کتب کا الگ شعبہ موجود ہے۔ فون نمبر 304920 اور 306011 برائے رابطہ موجود ہیں۔ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک یہ لائبریری قارئین کی خدمات کے لئے کھلی رہتی ہے۔

عملے کی تفصیل درج ذیل ہے

محمد رفیق	ایم ایل ایس۔ ایم اے ہوائی	ڈپٹی چیف لائبریری
عابد علی گل	"	اسسٹنٹ لائبریرین
رعنا اختر علی	"	"
ملک پرویز اختر	"	"
حافظ خبیب	"	"
محمد طاہر	"	"
محمد عارف	"	"
مسز رعنا احسان زیدی	"	"
مسز نسرین اختر	"	"
مسز پروین اختر	"	"
مس سلمیٰ جبیں	"	"
مس سعیدہ	"	"

گورنمنٹ ماڈل ٹاؤن لائبریری

GOVT: MODEL TOWN LIBRARY

اھالیان ماڈل ٹاؤن کے دیرینہ خواب کی تعبیر یہ پبلک لائبریری کلب چوک ایف بلاک کے نزدیک واقع ہے۔ اس کا سنگ بنیاد میاں شجاع الرحمن نے رکھا۔ 6 جنوری 1986 کو تجرباتی بنیادوں پر عمل میں لایا گیا۔ اکتوبر 1986 میں اس ادارے کو محکمہ تعلیم کے سپرد کر دیا گیا اور محترمہ شہناز مزمل (مسز) نے اس ادارے کا چارج سنبھالا۔ آپ ایم۔ اے لائبریری سائنس ہیں شاعرہ بھی ہیں اور ادیب بھی ہیں آپ کی پانچ کتب چھپ چکی ہیں۔ جناب نسیم احمد ایم۔ اے لائبریری سائنس بطور اسسٹینٹ کام کر رہے ہیں۔ اس کا باقاعدہ افتتاح 10 جون 1987 کو ہوا۔ لائبریری کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا۔ شعبہ الشرفیہ۔ شعبہ اخبارات عارضی طور پر آڈیٹوریم میں قائم کیا گیا یہ لائبریری۔ نفاست کے لحاظ سے اعلیٰ معیار کی عمل ہے۔ بلکہ مطالعاتی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے 17,000 کتب جو ڈی۔ ڈی۔ سی اور اے۔ اے سی آر کے تحت مرتب کی گئی ہیں موجود ہیں اس کے علاوہ سمعی و بصری معاونات تعلیمی کھلونے اور فروغ مطالعہ میں بچوں کی مدد کرنے

